سوال

(87) ختنہ اس کا وجود کسی طرح ہوا اور کب سے شروع ہوا؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ختنہ جس کو مسلمانی بھی کہتے ہیں یعنی مسلمانیت کی ایک خاص علامت ہے اس کا وجود کسی طرح ہوا اور کب سے شروع ہوا؟ اگر یہ ابراہیمی علیہ السلام سنت ہے۔ تو کیا قربانی کی طرح جو ذبیحہ اسماعیل علیہ السلام کا قصہ یاد دلاتی ہے اس کے متعلق بھی کوئی خبر ہے۔ اور کیونکر؟ (خلیل احمد از مرزا پور)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ختنہ ابراہیم علیہ السلام کی سنت ہے۔ اور مسلمانوں کو ختنہ کرنے کا حکم ہے۔ بخاری مسلم کی حدیث میں آیا ہے۔

اختتن ابراہیم بعد ما اتی علیہ ثمانون سنة (منتقی)

یعنی ابراہیم علیہ السلام نے اسی سال کی عمر میں ختنہ کرایا تھا۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ ایک شخص مسلمان ہوا اس کو فرمایا ختنہ کر۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 71